(LITTLE ANGELS' SCHOOL)
Main Sher Shah Road Shad Bagh Lahore.
Ph # 36262432, 37371330

ضروری ہدایات

محترم والدین!

۱۔ آپ کروناوائرس کے باعث ملکی موجودہ صورتحال سے بخوبی آگاہ ہیں ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے وقت کا تقاضاہ یہی ہے کہ طلباء گھر میں رہیں اور اپنی تعلیم کو جاری رکھیں کیونکہ صحت ہم سب کی اولین ترجیح ہے۔اپنے اور اپنے خاندان کی حفاظت کے لیے تمام حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔

۲۔ ان حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے **لیس(LAS)** نے بچوں کی تعلیم جاری رکھنے کے لیے پیشگی چھٹیوں کا کام آن لائن دینے کی سہولت کا بندوبست کیا ہے تاکہ طلباء کی پڑھائی کے نقصان کی تلافی کی جاسکے۔

۳۔ کلاس اول تا ہشتم کا کام فرسٹ ٹرم میں سے منتخب کردہ سلیبس اور فراہم کیے گئے مواد کے مطابق کلاس ورک کی کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا ہوگا۔

۴۔ آخر میں تمام والدین اور طلباء سے التماس ہے کہ اپنی صحت کا خیال رکھیں ایسی اشیاء کو اپنی خوراک میں شامل کریں جو آپکی قوت مدافعت بڑھائیں۔بوقت ضرورت گھر سے باہر نکلتے ہوئے ماسک کا استعمال کریں۔ہاتھوں کو اچھی طرح بار بار دھوئیں اور پانچ وقت کی نماز قائم کریں۔اللہ عزوجل ہم سب کو اور ہمارے ملک کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

آمین

لیس انتظامیہ